موضوع پر ڈاکٹر محمد یوسف صاحب کا مضمون پیش کیا گیا ہے۔ ان مقالات کے ساتھ قرار دادِ مقاصد اور اس کے محرک جناب لیاقت علی خاں صاحب کی تحریکی تقریر بھی جمع کر دی گئی ہے تاکہ اسلامی اصولِ سیاست کی روشنی میں اس فاصلے کو ناپا جا سکے جو قرار دادِ مقاصد اور دستوری سفارشات کے درمیان رکھا گیا ہے۔

تتمہ کے طور پر "مسلم معاشرہ کی اصلاح" کے موضوع پر پرنس سعید حلیم پاشا کا مضمون شریک مجموعہ ہے۔

الطریقۃ السہلۃ

مؤلفہ: ایس، اے، رشید صاحب عربک لکچرار جامعہ عباسیہ بہاولپور۔

ملنے کا پتہ: مؤلف کے علاوہ قومی کتب خانہ چوک بازار بہاولپور سے مل سکتی ہے۔

قیمت: مکمل نصاب دو روپے۔

عربی زبان کی تعلیم کو آسان بنانے کے لئے اچھی قسم کی نصابیات کا خلا پُر کرنے کے لئے برابر کوششیں ہو رہی ہیں اور ان کوششوں کے متعدد اچھے نتائج ہمارے سامنے ہیں۔ الطریقۃ السہلۃ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ مؤلف نے عربی کا کافی ذخیرۂ الفاظ بہم پہنچانے کے ساتھ ساتھ اس کورس میں قواعد کی تفہیم بہت ہی سادہ طریق پر کی ہے۔ یہ ہم ضرور عرض کریں گے کہ قواعدِ صرف و نحو کے ذریعے زبان سکھانے کا فرسودہ طریق اختیار کرنے کے بجائے اگر تعلیمِ زبان کے ذریعے قواعد صرف و نحو سکھانے کا طریق اختیار کیا جاتا تو تعلیمِ زبان دانی کے اصولوں کے لحاظ سے صحیح تر ہوتا۔ آخر کیوں نہ ایسا ہو کہ عربی کی تعلیم روزمرہ کی ضرورت کے جملوں، کہانیوں، مکالموں اور نظموں کے ذریعے دی جائے اور قواعد کی تعلیم کو اس میں سمو دیا جائے۔ بحالاتِ موجودہ یہ کورس طلبہ کی نفسیات کے لحاظ سے کبھی بھی دلچسپ نہ ہوگا۔ اور جو نصاب دلچسپ نہ ہو وہ سہل بھی نہیں ہو سکتا۔ علاوہ بریں کتابت و طباعت کا معیار بھی تعلیمی نقطۂ نظر سے صحیح نہیں ہے۔

عربی زبان کے اساتذہ اور بطور خود عربی زبان کا مطالعہ کرنے والے اصحاب اس نصاب کو آزمائیں اور مؤلف کو مفید مشورے بہم پہنچائیں۔